## مسلح دہشت گردوں کی فائرنگ سے ایم کیو ایم کے کارکن ذیشان المبین کا بہیمانہ قتل

## چوبیس گھنٹوں کے دوران ایم کیو ایم کے دو کارکنوں کو فائرنگ کر کے شہید کر دیا گیا، الطاف حسین کا اظہار

## ذیشان کا قتل کھلی دہشت گردی ہے، رابطہ کمیٹی کی مذمت

کراچی ۔۔۔24، جون 2010ء

شاہ فیصل کالونی میں مسلح دہشت گردوں نے فائرنگ کر کے ایم کیو ایم کے ایک اور کارکن کو شہید کر دیا، چوبیس گھنٹوں میں ایم کیو ایم کے دو کارکنوں کو دہشت گردی کا نشانہ بنا کر شہید کر دیا گیا۔تفصیلات کے مطابق ایم کیو ایم شاہ فیصل کالونی سیکٹر یونٹ 105 کے کارکن ذیشان المبین گاڑی چلاتے تھے اور پک اینڈ ڈراپ کا کام کرتے تھے۔ جمعرات کی صبح وہ اپنے گھر سے روانہ ہوئے اور آج شاہ فیصل گیٹ کالونی قبرستان کے قریب مردہ حالت میں پائے گئے ،شہید ایم کیو ایم کے سرگرم کارکن اجمل مبین شہید کے بھتیجے تھے جنہیں گزشتہ سال دہشت گردوں نے فائرنگ کر کے شہید کر دیا تھا، ذیشان شہید کے قتل کی اطلاع ملتے ہی ایم کیو ایم کے ذمہ داران وکارکنان جائے وقوعہ پر جمع ہو گئے اس موقع پر کارکنان وعوام میں شدید غم وغصہ پایا جاتا ہے۔دریں اثناء ایم کیو ایم کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیو ایم شاہ فیصل کالونی یونٹ 105 کے کارکن ذیشان المبین کی شہادت پر دلی افسوس کا اظہار کیا ہے۔اپنے ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے ذیشان شہید کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی اور کہا کہ مجھ سمیت ایم کیو ایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔ جناب الطاف حسین نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ ذیشان مبین شہید کو اپنے جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل عطا کرے۔(آمین) علاوہ ازیں ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی نے دہشت گردوں کے ہاتھوں ایم کیو ایم شاہ فیصل کالونی یونٹ 105 کے کارکن ذیشان مبین کے بہیمانہ قتل کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے اور اس واقعہ کو کھلی دہشت گردی قرار دیا ہے۔ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے کہا کہ چوبیس گھنٹے میں ایم کیو ایم کے دو کارکنوں کو شہید کیا جا چکا ہے۔بدھ کی شب مسلح دہشت گردوں نے شاہ فیصل کالونی میں ایم کیو ایم کے کارکن محمد وقار عالم کو فائرنگ کر کے قتل کر دیا تھا اور آج ایم کیو ایم کے کارکن ذیشان مبین کو دہشت گردی کا نشانہ بنایا گیا ہے جس کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے۔رابطہ کمیٹی نے کہا کہ دہشت گردی کے واقعات کراچی کا امن تباہ کرنے کی گھناونی سازشوں کا تسلسل ہے اور تمام محبّ وطن سیاسی ومذہبی جماعتوں کو دہشت گردی کے واقعات کے خلاف مثبت کردار ادا کرنا چاہئے۔رابطہ کمیٹی نے صدر مملکت آصف علی زرداری، وزیر اعظم پاکستان سید یوسف رضا گیلانی، وفاقی وزیر داخلہ رحمٰن ملک، گورنر سندھ ڈاکٹر عشرت العباد اور وزیر اعلیٰ سندھ سید قائم علی شاہ سے مطالبہ کیا ہے کہ ذیشان مبین کے بہیمانہ قتل کا سنجیدگی سے نوٹس لیا جائے اور قتل میں ملوث سفاک دہشت گردوں کو گرفتار کر عبرتناک سزا دی جائے۔رابطہ کمیٹی نے ذیشان شہید کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی اور دعا کی کہ اللہ تعالیٰ ذیشان مبین شہید کو اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگوار لواحقین کو صبر جمیل عطا کرے۔

## ایم کیو ایم شاہ فیصل کالونی سیکٹر کے کارکن ذیشان المبین شہید کو یٰسین آباد قبرستان میں سپرد خاک کر دیا گیا

کراچی ۔۔۔24، جون 2010ء

جمعرات کو شاہ فیصل کالونی میں مسلح دہشت گردوں کی فائرنگ سے شہید ہونے والے ایم کیو ایم شاہ فیصل کالونی سیکٹر یونٹ 105 کے کارکن ذیشان المبین شہید کو سینکڑوں سوگواران کی آہوں اور سسکیوں کے درمیان عزیز آباد کے شہداء قبرستان یٰسین آباد میں سپرد خاک کر دیا گیا۔شہید کی نماز جنازہ جامع مسجد حنفیہ شاہ فیصل کالونی نمبر 1 میں ادا کی گئی، نماز جنازہ اور تدفین میں ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان رضا ہارون، نیک محمد، سلیم تاجک، حق پرست صوبائی وزیر زبیر احمد، رکن سندھ اسمبلی نشاط محمد ضیاء، سابقہ حق پرست بلدیاتی نمائندے، ایم کیو ایم کی کراچی تنظیمی کمیٹی کے ارکان، شاہ فیصل کالونی سیکٹر کمیٹی کے ارکان، علاقائی ذمہ داران، کارکنان، ہمدردوں اور ذیشان المبین شہید کے عزیز واقارب نے بڑی تعداد میں شرکت کی اور ذیشان المبین شہید کی مغفرت، ان کے بلند درجات کیلئے فاتحہ خوانی کی اور شہید کو زبردست خراج عقیدت بھی پیش کیا۔ذیشان المبین شہید کی فاتحہ سوئم بروز ہفتہ بعد نماز ظہر جامع مسجد حنفیہ شاہ فیصل کالونی نمبر 1 میں ہوگا جس میں شہید کی روح کے ایصال ثواب کیلئے قرآن خوانی وفاتحہ خوانی کی جائے گی۔

## ایم کیوایم شاہ فیصل کالونی سیکٹر کے کارکن وقار عالم شہید کالونی گیٹ قبرستان میں سپردخاک، سوئم بعد نماز جمعہ ہوگا
## نماز جنازہ اور تدفین میں حق پرست نمائندوں اور ایم کیوایم کے ذمہ داران کی شرکت

کراچی۔۔۔24، جون 2010ء

بدھ کی شب شاہ فیصل کالونی میں مسلح دہشت گردوں کی فائرنگ سے شہید ہونے والے متحدہ قومی موومنٹ شاہ فیصل کالونی سیکٹر یونٹ 108 کے کارکن محمد وقار عالم شہید کو سینکڑوں سوگواروں کی آہوں اور سسکیوں کے درمیان کالونی گیٹ قبرستان میں سپرد خاک کردیا گیا۔شہید کی نماز جنازہ جمعرات کو بعد نماز ظہر جامع مسجد حنفیہ میں ادا کی گئی نماز جنازہ اور تدفین میں حق پرست ارکان اسمبلی نشاط محمد ضیاء، ندیم مقبول، سابقہ حق پرست بلدیاتی نمائندے، ایم کیوایم کی کراچی تنظیمی کمیٹی کے ارکان، شاہ فیصل کالونی سیکٹر کمیٹی کے ارکان، علاقائی ذمہ داران، کارکنان، ہمدردوں اور وقار عالم شہید کے عزیز واقارب نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔وقار شہید کی فاتحہ سوئم 25 جون بعد نماز جمعہ جامع مسجد حنفیہ شاہ فیصل کالونی نمبر 1 میں ہوگی جس میں شہید کی روح کے ایصال ثواب کیلئے قرآن خوانی وفاتحہ خوانی کی جائے گی۔

## حق پرست عوام یامین خان کی صحت یابی کیلئے دعا کریں، الطاف حسین کی اپیل

لندن۔۔۔24، جون 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم بلدیہ ٹاؤن سیکٹر کے بزرگ کارکن یامین خان کی علالت پر گہری تشویش کا اظہار کیا ہے اوران کی جلد مکمل صحت یابی کیلئے دعا کی ہے۔ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے حق پرست عوام، ماؤں، بہنوں، بزرگوں اور کارکنوں سے اپیل کی ہے کہ وہ یامین خان کی جلد مکمل صحت یابی کیلئے اللہ تعالیٰ کے حضور خصوصی دعائیں کریں۔

## پاکستان نیوز ایجنسیز کونسل کے نومنتخب عہدیداران کو رابطہ کمیٹی کی مبارکباد

کراچی۔۔۔24، جون 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے رابطہ کمیٹی نے پاکستان نیوز ایجنسیز کونسل کے نومنتخب عہدیداران کو مبارکباد پیش کی ہے۔ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے امید ظاہر کی ہے کہ وہ ادارے کو مستحکم کرنے اور حق و سچ کے علم کی پاسداری کا خیال رکھتے ہوئے صحافی برادری کے مسائل کے حل کیلئے اپنا کردار ادا کریں گے۔

## ایم کیوایم سوسائٹی سیکٹر کے کارکن خواجہ عمران کے انتقال پر ایم کیوایم کے قائد الطاف حسین کا اظہار افسوس

کراچی۔۔۔24، جون 2010ء

ایم کیوایم سوسائٹی سیکٹر یونٹ 65 کے کارکن خواجہ عمران علالت کے باعث انتقال کر گئے مرحوم کی عمر 42 سال تھی مرحوم کے سوگواران میں والد، والدہ، تین بہنیں اور دو بھائی شامل ہیں۔مرحوم کی نمازِ جنازہ بعد نمازِ عصر جامع مسجد رحمانیہ طارق روڈ میں ادا کی گئی نمازِ جنازہ و تدفین میں حق پرست ارکان اسمبلی اور کراچی تنظیمی کمیٹی کے اراکین، سیکٹر و یونٹس کے ذمہ داران و کارکنان اور مرحوم کے عزیز و اقارب نے بڑی تعداد میں شرکت کی مرحوم کو سینکڑوں سوگواران کی آہوں اور سسکیوں کے درمیان سوسائٹی قبرستان میں سپرد خاک کردیا گیا۔دریں اثناء متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم سوسائٹی سیکٹر یونٹ 65 کے کارکن خواجہ عمران کے انتقال پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے مرحوم کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کرتے ہوئے کہا کہ مجھ سمیت ایم کیوایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔جناب الطاف حسین نے سوگوار لواحقین کو صبر کی تلقین کی اور دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل عطا فرمائے۔ (آمین)

☆☆☆☆☆